تبصرے

صوت الجامعہ (اردو) تقطیع کلاں ۔ ضخامت ۸۲ صفحات کتابت و طباعت بہتر
سالانہ چندہ ۔ ۶/ ، پتہ : دارالترجمہ والتالیف مرکزی دارالعلوم بنارس ۔

مرکزی دارالعلوم بنارس ابھی بالکل ایک نو عمر مدرسہ ہے ۔ لیکن اس نہایت مختصر مدت میں بھی اس نے ہندوستان اور اس سے باہر عربی ممالک میں بھی خاصی شہرت اور مقبولیت حاصل کرلی ہے اور اس کا باعث مدرسہ کے اساتذہ کی اعلیٰ لیاقت و قابلیت، تحقیق وجستجو کا ذوق، محنت اور خلوص ہے ۔ چنانچہ درس و تدریس کے ساتھ مدرسہ میں ایک دارالترجمہ والتالیف بھی قائم ہے جو محض برائے نام نہیں بلکہ ایک فعال ادارہ ہے اور مفید اور بلند کتابیں شائع کررہا ہے، زیر تبصرہ مجلہ اس ادارہ کا ہی ترجمان ہے اس مجلہ کے عربی اڈیشن کا تذکرہ برہان کی کسی اشاعت میں (غالباً) ہوچکا ہے یہ اس کا اردو اڈیشن ہے اور اب تک ہمیں اس کے دو نمبر وصول ہوتے ہیں ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ اگر یہ مجلہ اپنی اسی شان و شوکت کے ساتھ جاری رہا تو کوئی شبہ نہیں انڈو پاک کے بلند پایہ اسلامی و تحقیقی مجلات و رسائل کی برادری میں اس سے ایک بڑا وقیع اور قابلِ قدر اضافہ ہوگا ۔ مضامین سب کے سب سنجیدہ ۔ متین اور بلند پایہ علمی و تحقیقی ہیں ۔ اور بڑی بات یہ ہے کہ سب لائق اساتذہ کے قلم سے ہیں ۔ البتہ نمبر ۲ کا مضمون " تقلید کی فسوں کاریاں " عصر حاضر کا ایک علمی اور تحقیقی مجلہ کے مرتبہ و مقام سے فروتر ہے ۔ یہ صحیح ہے کہ یہ مقالہ ایک مضمون کے جواب میں لکھا گیا ہے لیکن یہ کیا